
# ایک تہائی سے زائد (35%) پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستان کو اُس وقت تک بھارت کے ساتھ کوئی تعلقات برقرار نہیں رکھنے چاہئیں جب تک مسئلہ کشمیر حل نہ ہوجائے

مرد حضرات (38%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (37%) بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات کی زیادہ مخالفت کرتے نظرآئے۔






آپ کے خیال میں کیا پاکستان کو مسئلہ کشمیر حل ہونے سے پہلے بھارت کے ساتھ کسی بھی سطح پر کسی بھی قسم کے تعلقات رکھنے چاہیے یا نہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**بین الاقوامی**

**بھارت**

کشمیر

## ایک تہائی سے زائد (35%) پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستان کو اُس وقت تک بھارت کے ساتھ کوئی تعلقات برقرار نہیں رکھنے چاہئیں جب تک مسئلہ کشمیر حل نہ ہو جائے، مرد حضرات (38%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (37%) بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات کی زیادہ مخالفت کرتے نظر آئے۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

اسلام آباد) ،18 فروری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ایک تہائی سے زائد (35%) پاکستانیوں کا خیال ہے کہ پاکستان کو اُس وقت تک بھارت کے ساتھ کوئی تعلقات برقرار نہیں رکھنے چاہئیں جب تک مسئلہ کشمیر حل نہ ہو جائے، مرد حضرات (38%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (37%) بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات کی زیادہ مخالفت کرتے نظر آئے۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں کیا پاکستان کو مسئلہ کشمیر حل ہونے سے پہلے بھارت کے ساتھ کسی بھی سطح پر کسی بھی قسم کے تعلقات رکھنے چاہیے یا نہیں ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 41% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" پاکستان کو مسئلہ کشمیر حل ہونے سے پہلے بھی بھارت کے ساتھ تعلقات رکھنے چاہیے، 35% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" پاکستان کو مسئلہ کشمیر حل ہونے سے پہلے بھارت کے ساتھ کسی بھی سطح پر کسی بھی قسم کے تعلقات نہیں رکھنے چاہیے ، جبکہ 22% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے ، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کے خیال میں کیا پاکستان کو مسئلہ کشمیر حل ہونے سے پہلے بھارت کے ساتھ کسی بھی سطح پر کسی بھی قسم کے تعلقات رکھنے چاہیے یا نہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے:** مرد حضرات کی نسبت خواتین کی 7% زیادہ شرح نے اس بات سے اتفاق کیا کہ مسئلہ کشمیر سے قطع نظر پاکستان کو بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات برقرار رکھنے چاہئیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**شہری—دیہی علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی 11% زیادہ شرح نے اس سے اتفاق کیا کہ مسئلہ کشمیر سے قطع نظر پاکستان کو بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات برقرار رکھنے چاہئیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 788 خواتین اور مرد حضرات سے 7 تا 12 جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 18th February 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)